اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ہوائی جہاز میں نماز کی صورتیں

زمین پر موجود ہو (ٹرین بھی اسی صورت میں شامل ہے)

زمین پر ٹھہرے ہونے کی صورت میں

ایسی صورت میں قبلہ رو، قیام
کے ساتھ (یعنی کھڑے ہو کر)
نماز پڑھیں
اس نماز کا کوئی اعادہ نہیں

اگر دوران نماز سواری چل پڑے تو اب
نماز کا اعادہ ہو گا کیونکہ استقرار مکمل نماز
کے لئے ضروری ہے

زمین پر چلنے کی صورت

اس صورت میں قبلہ رو، قیام
کے ساتھ نماز پڑھیں
لیکن اس نماز کا اعادہ واجب ہو گا
کہ زمین پر استقرار نہیں

جب سواری زمین پر ٹھہری ہوئی نہ ہو تو اس پر نماز درست نہیں
لیکن اگر وقت نکل رہا ہو اور سواری نہ رکے تو ایسی حالت میں اوپر
لکھی ہوئی صورت حال کے مطابق نماز ادا فرمالیں

زمین سے اوپر ہوا میں ہو

ہوا میں پرواز کرنے لگا ہو یا نیچے اتر رہا ہو

اس صورت میں چونکہ سیٹ سے اٹھ
کر نماز پڑھنا مشکل ہے (انتظار کرنا لازم
نہیں) سیٹ پر بیٹھ کر رکوع و
سجود کے اشارے سے ہی نماز ادا
کر لیں
اس نماز کا اعادہ نہیں ہو گا کیونکہ عذر
من جھۃ اللہ ہے

ہوا میں پرواز کر چکا ہو

اس صورت میں قبلہ رو، قیام کے ساتھ مکمل نماز پڑھی
جائے اور یہ نماز واجب الاعادہ نہیں ہو گی
اس صورت میں بھی زمین پر استقرار نہیں مگر یہ عذر من
جھۃ اللہ ہے اس لئے نماز کا لوٹانا واجب نہیں
لیکن اگر اس صورت میں قبلہ رو کھڑے ہو کر نماز نہ
پڑھنے دیں تو اب سیٹ پر نماز پڑھ لیں، لیکن یہ نماز
واجب الاعادہ ہو گی کہ یہ عذر من جھۃ العباد (بندوں
کی طرف سے) ہے

(اس نقشے کے مسائل فرض، واجب اور سنت فجر کے لئے ہے، دیگر سنن ونوافل کے لئے مزید رخصتیں ہیں)بقیہ تمام شرائط وفرائض ایسے ہی لازم رہیں گے جیسے عام صورت میں تھے ہاں شرعی مسافر کے لئے سواری میں اپنی آبادی سے نکلنے کے بعد ظہر، عصر اور عشاء کے فرائض میں نماز قصر واجب ہوگی (چند شرائط وفرائض کی وضاحتیں ضمناً عرض ہے)

استقبال قبلہ، قیام وسجود کے چند مسائل

☆فرض، واجب اور سنت فجر میں استقبال قبلہ، شرط اور قیام فرض ہے۔۔۔۔۔۔استقبال قبلہ نماز کی ابتداء تا انتہاء شرط ہے، اگر دوران نماز ہوائی جہاز کا رخ تبدیل ہوا تو پھر نمازی کو بھی اپنا رخ جانب قبلہ کرنا ہوگا۔۔اولاً قبلہ رخ معلوم کرنے کی کوشش کی جائے اگر کسی صورت قبلہ معلوم نہ ہو تو اب تحرّی کرکے نماز پڑھ لیں، بعد کو برعکس معلوم ہو تب بھی نماز ہوجائے گی۔۔☆سیٹ پر نماز پڑھنے والوں کے لئے سیٹ کے آگے تختہ نکال کر اس پر سجدہ کرنا لازم نہیں رکوع وسجود اشارے سے کریں، مگر اس بات کا لازمی خیال فرمائیں کہ سجدہ میں رکوع سے زیادہ جھکیں

چند مفید مدنی پھول

سواری پر سوار ہونے سے قبل اپنا وضو بنا کر رکھیں، وضو ضائع نہ ہو اس کا خیال فرمائیں، ممکنہ صورت میں اپنے ساتھ پانی کی ایک بڑی بوتل رکھیں کہ اگر سواری میں پانی نہ ملے تو اپنے پانی سے وضو بنالیں۔۔۔ احتیاطاً مٹی کا کورا برتن بھی ساتھ رکھیں کہ اگر کبھی تیمم کی ضرورت پیش آئے تو استعمال کیا جاسکے۔اوقات الصلوۃ کی معلومات رکھیں تاکہ وقت پر نمازیں ادا کرسکیں،۔۔۔قبلہ ڈائریکشن، یا اس کی ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے رکھے،۔۔جہاز کی ابتداء میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کی جگہ موجود ہوتی ہے اس کے لئے عملے سے پوچھیں نہیں اس جگہ پہنچ کر "صلوٰۃ" کہہ کر نماز شروع کردیں۔

Prayer Times